کسان بورڈ پاکستان رپورٹ مرتبہ محمد اکرم قریشی جنرل سیکرٹری کسان بورڈ پاکستان
ناشر: شعبۂ نشر و اشاعت، کسان بورڈ، پاکستان، منصورہ۔لاہور۔ اچھے کاغذ پر اچھی طباعت اور بامقصد سرورق۔

اس خوبصورت بڑے پمفلٹ میں کسان بورڈ کا تعارف کرایا گیا ہے کہ یہ تنظیم کس طرح کام کر رہی ہے۔ اس کے مرکزی اور علاقائی عہدہ داروں کا تعارف، اس کا پروگرام، ترقی زراعت کے لیے اس کی تجاویز اور مشورے، کسانوں کی رہنمائی، اس کے زیر اہتمام منعقد ہونے والی مختلف کانفرنسیں اور اجلاس، اراضی اور اس کی ملکیتوں، آبپاشی اور پیداواری صلاحیت کے متعلق اعداد و شمار، اس شعبے کے متعلق لٹریچر جس میں کسانوں کے اہم مسائل کو اُٹھایا گیا ہے، وغیرہ اُمور اس میں تصاویر کے ساتھ درج ہیں۔

شہدائے اُحد از مولانا جلیل رحمانی۔ ناشر: مکتبہ نذیریہ، علامہ اقبال ٹاؤن، جناب بلاک۔لاہور۔ قیمت: ۶/- روپے

اس کتاب میں معرکۂ احد میں شہید ہونے والے خدا پرست پیروانِ محمدؐ کے حالات درج کیے گئے ہیں، جن کی تعداد ۷۰ ہے۔ قربانی دینے والی یہی ہستیاں ہیں جن کی برکت سے آج ہم اسلام کی نعمت سے بہرہ ور ہیں۔ غزوۂ احد کے واقعات اپنی جگہ بڑی خصوصیت رکھتے ہیں اور اُن سے بڑے مفید اسباق اخذ ہوتے ہیں۔ شہدائے احد کے پورے سوانحی نقشے شاملِ کتاب ہیں۔ اسلام کے خلاف دشمنانِ اسلام کی سرگرمیوں کا بھی پورا منظر سامنے آجاتا ہے۔ آج کل کے انحراف پسند رجحانات سے بھری ہوئی فضا میں اس قسم کی کتابوں کو پڑھ کر اپنے آپ کو مسلمان اور نیک انسان بنانے کے خواہش مند نوجوان اور دیگر عوام و خواص بہت فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔

اطمینانِ قلب از جناب مشتاق احمد اصلاحی، مدیر اخبار "رفاقت" اصلاحی منزل، کچہری بازار، سرگودھا۔ ناشر: مکتبہ اُردو ڈائجسٹ، سمن آباد، لاہور۔
مؤلف کے پتے پر بھی مل سکتی ہے۔ قیمت: ۲۰/- روپے